© rasailojaraid.com

مرسلہ: قاسم محی الدین بنگیال

# کتابِ زندگی

کتابِ زندگی کے ورق برابر الٹ رہے ہیں۔ ہر آنے والی صبح ایک نیا ورق الٹ دیتی ہے۔ یہ الٹے ہوئے ورق برابر بڑھ رہے ہیں اور باقی ماندہ ورق برابر کم ہو رہے ہیں اور ایک دن وہ ہوگا جب آپ اپنی زندگی کا آخری ورق الٹ رہے ہوں گے جونہی آپ کی آنکھیں بند ہوں گی۔ یہ کتاب بھی بند ہو جائے گی اور آپ کی یہ تصنیف محفوظ کر لی جائے گی۔

کبھی آپ نے غور کیا اس کتابِ زندگی میں آپ کیا درج کر رہے ہیں؟ کیا کچھ اس میں لکھ کر آپ اس کا ورق الٹ دیتے ہیں۔ آپ کو شعور ہو یا نہ ہو۔ آپ کی یہ تصنیف تیار ہو رہی ہے اور آپ اس کی ترتیب و تکمیل میں اپنی ساری قوتوں کے ساتھ لگے ہوئے ہیں۔ اس میں آپ وہ سب کچھ لکھ رہے ہیں۔ جو آپ سوچتے ہیں، دیکھتے ہیں، سنتے ہیں، چاہتے ہیں، کرتے ہیں اور کراتے ہیں۔ اس میں صرف وہی کچھ نوٹ ہو رہا ہے۔ جو آپ نوٹ کر رہے ہیں۔ کسی دوسرے کو ہرگز اختیار نہیں جو ایک شوشہ بھی اس میں بڑھا یا گھٹا سکے۔ اس کتاب کے مصنف تنہا آپ ہیں اور صرف آپ ہی اپنی کوشش اور کاوش سے اسے ترتیب دے رہے ہیں۔

ذرا آنکھیں بند کیجئے اور سوچیے! یہی کتاب آپ کے ہاتھ میں ہوگی شہنشاہ واحد وقہار آپ سے کہے گا!

اِقْرَاْ کِتَابَکَ کَفٰی بِنَفْسِکَ الْیَوْمَ عَلَیْکَ حَسِیْباً

(سورۃ بنی اسرائیل۔۱۴)

ترجمہ: ''پڑھ اپنی کتابِ زندگی، آج اپنے نامہ عمل کا جائزہ لینے کے لیے تو خود ہی کافی ہے۔''


# الغازی مشینری سٹور

ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن، سپیئر پارٹس، تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں

بلاک نمبر 9 کالج روڈ، ڈیرہ غازی خان فون: 0641-462501




© rasailojaraid.com